بہارستان

ظفر علی خان

اردو اکیڈمی پنجاب

لوہاری دروازہ لاہور

۱۹۳۷ء

الیکٹرک پریس لاہور میں باہتمام حافظ محمد عالم پرنٹر چھپا اور شیخ مبارک علی تاجر کتب اندرون لوہا

احرار پنجاب اور نمائندگان کشمیر

ہمارے مشوروں کی قدر کیا کشمیر والوں کو
ہمارا حال ہے جن کی نظر میں عبرت ماضی

وہ کہتے ہیں کہ عیسیٰ آپ ہی محتاج درماں ہو
تو کس کام آئے گی کشمیریوں کے اس کی نبّاضی

رعایا ہاتھ کیوں پھیلائے اٹھ کر غیر کے آگے
بروئے کار اگر آنے لگے راعی کی فیاضی

خدا کا حکم ہے تم اپنی حالت آپ ہی بدلو
خدا کی جو رضا ہے بندہ اس سے کیوں نہ ہو راضی

ہمارے گھر کا جھگڑا ہے ہم آپ اس کو چکا لیں گے
میاں بی بی ہوں جب راضی تو پھر کیوں دخل دے قاضی

---

۲۹ / اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء